14/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعابد ہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج آسام کے ایک روزہ دورے پررہیں گے۔ دورے کے دوران وزیر اعظم آج دوپہر گوہاٹی مینپانچ ہزار450 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

ایل جی تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سابق وزیرقمر علی آخون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہا رکیا ہے ۔ ایل جی نے اپنے تعزیتی پیغام میں سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر و جمیل کی دعا کی ۔

کابینہ وزیر سکینہ ایتو نے بھی سابق وزیر قمر علی آخون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

ہیرتھ مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہیرتھ تہوار کے موقعے پر کشمیری پنڈت برادری کودلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے امن ، خوشحالی اور بھائی چارے کی دعا کرتے ہوئے کہاکہ تہوار کشمیریت اور فرقہ ورانہ ہم آہنگی کو مزید مضبوط کرے گا اور معاشرے میں یگانگت کو فروغ دے گا ۔

کابینہ وزیر ستیش شرما نے بھی ہیرتھ کے موقعے پر کشمیری پنڈت برادری کو مبارکبا د دی ہے۔

چیف سیکریٹری

کمیٹی نے پردھان منتری راشٹریہ کرشی وکاس یوجنا کے تحت مالی سال Sanctioning سٹیٹ لیول 2026-27کیلئے289کروڑ روپے کے سالانہ ایکشن پلان کو منظوری دی ہے۔ میٹنگ کی صدارت چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کی ۔ ایکشن پلان میں ڈیجیٹل ایگریکلچر ، قدرتی کھیتی ، مائیکرو آبپاشی ، باغبانی اور بانس مشن سمیت کئی اسکیمیں شامل ہیںتاکہ کسانوں کی آمدنی اور غذائی تحفظ کو مضبوط بنایاجا سکے۔

بشیر احمد بشیر

دی کشمیر ویلی فروٹ گرورس کم ڈیلرس یونین نے جموں کشمیر اسمبلی مینحال ہی مینپیش کئے گئے یو ٹی بجٹ کااگر چہ مجموعی طو رپر خیر مقدم کیا ہے تاہم اس نے میوہ صنعت کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچانے کے لئے مزید اختراعی اقدامات کرنے کا سرکار سے مطالبہ کیا ہے ۔

اس تعلق سے فروٹ گرورس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

....

بارہمولہDC

سوریہ گھر مفت PM ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مینگا شیر پا نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے بجلی یوجنا کے نفاذ کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں مختلف بجلی ڈویژنوں اور بینکوں کی کار کردگی ، موصولہ درخواستوں ، منظور شدہ کیسز اور روف ٹاپ سولر تنصیبات کی پیشرفت پر غور کیا گیا ۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر درخواستوں کی منظوری اور قرضوں کی جلد واگذاری کی ہدایت دیتے ہوئے متعلقہ محکمونکوہدف کے بر وقت حصول کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

بانڈی پورہDC

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ضلع میں مردم شماری 2027کی تیاریوں کا ایک میٹنگ مینجائزہ لیا۔ میٹنگ میں ضلع و تحصیل سطح پر مردم شماری سیلز کے قیام ، عملے کی تعیناتی ، ماسٹر ٹرینرس اور شمار کنند گان کی نامزدگی پر غور وخوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر بین محکمہ جاتی تعاون اور موثر منصوبہ بندی پر زور دیا۔

ڈائریکٹر شیپ

محکمہ شیپ ہسبنڈی کشمیر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رفیق احمد شاہ نے لال منڈی سرینگرمینایک میٹنگ اورنبارڈ سمیت مختلف اسکیموں کی HADP,CSSکی صدارت کرتے ہوئے یو ٹی کیپکس بجٹ ، پیشرفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں مالی و دیگراہداف ،ایلیٹ شیٹ مشن اور اینمل Identification پروجیکٹ پربھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقعے ڈائریکٹر موصوف نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ فنڈ س کے بر وقت استعمال اور مقررہ اہداف کے تکمیل کو یقینی بنائیں۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کرفار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔ جموں کشمیر اینٹی کورپشن بیورو کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے کہا۔

....

گریز روڈ

بانڈی پورہ گریز شاہراہ کوکل گاڑیونکی آمدرفت کیلئے کھول دیا گیا ہے۔کل 23چھوٹی گاڑیوں کو بانڈی پورہ سے گریز جانے کی اجازت دی گئی۔اس کے علاوہ ضروری اشیاءسے لدی گاڑیوں کو بھی گریز کی طرف روانہ کیا گیا۔بانڈی پورہ ضلع انتظامیہ نے اس شاہراہ پر سفر کرنے والوں سے تاکید کی ہے کہ وہ سفر کرنے کے دوران آفیشل ایڈوائزری پر عمل کریں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی0 اعشاریہ 5ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ 5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ